رایزنی فرهنگی سفارت جمهوری اسلامی ایران
دهلی نو
OFFICE OF CULTURAL COUNSELLOR
EMBASSY OF ISLAMIC REPUBLIC OF IRAN
NEW DELHI

51/9/1082
05/06/2023

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترم عالی جناب مہتمم صاحب ..............................

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید کہ بفضل تعالیٰ آپ بخیر وعافیت ہوں گے۔

آپ کو یہ جان کر یقیناً روحانی مسرت ہوگی کہ سالہائے گذشتہ کی طرح امسال بھی خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران نئی دہلی کے زیر اہتمام، عوام الناس میں فن تجوید کی ترقی وترویج کیلئے قرآن کریم کی صحیح تلاوت کا شوق پیدا کرنے اور نئی نسل کے اندر مسابقتی ذوق بیدار کرنے کی غرض سے مورخہ **۲۸ رتا ۳۰ رستمبر ۲۰۲۳ء** پیغمبر عظیم الشان سرور کائنات خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰؐ اور ان کے فرزند امام جعفر صادقؑ کی ولادت باسعادت اور ہفتۂ وحدت مسلمین کی مناسبت سے **۲۴ واں سہ روزہ کل ہند مسابقۂ حفظ وقرأت قرآن کریم** کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ جس میں بلاتفریق مسلک، پورے ملک سے بڑی تعداد میں حفاظ وقراء کرام شریک ہوتے ہیں۔

لہٰذا آپ سے گزارش ہے کہ اپنے مدرسہ کے ممتاز حافظ وقاری کو منتخب فرما کر اپنی تصدیق کے ساتھ ہمارے ادارہ کو ارسال فرمائیں جو آپ کے مدرسہ یا تنظیم کی نمائندگی کرسکیں۔ مسابقہ میں شرکت کے لئے تعلیمی اسناد کی فوٹو کاپی منسلک کرنا لازمی ہیں۔ واضح رہے مسابقہ میں دو فرع ہوں گے۔
**(۱) حفظ قرآن بالتجوید۔ (۲) ترتیل قرآن بالتجوید۔** ترتیل وتجوید کے فرع میں شرکت کیلئے باقاعدہ روایت حفص کے مطابق قاری ہونا ضروری ہوگا۔ دونوں فرع میں ۱۸ سے ۳۵ سال کے افراد شرکت کرسکتے ہیں۔ لیکن ایک طالب علم ایک ہی فرع میں درخواست دے سکتا ہے۔

تمام شرکت کنندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایران کلچر ہاؤس آپ کی آمد ورفت کے اخراجات میں تعاون کرے گا۔ شرکت کنندہ کیلئے سہ روزہ قیام وطعام کا بندوبست ادارہ کے ذمہ رہے گا۔ فارم جمع ہونے کی آخری تاریخ **۲۰ راگست ۲۰۲۳ء** ہے۔ فارم کا موصول ہونا منظوری کی دلیل نہیں ہے، منتخب حفاظ وقراء کو مقابلہ میں شرکت کی اطلاع بذریعہ ٹیلیفون دی جائے گی۔ فارم ہماری ویب سائٹ en.icro.ir/new-delhi پر دستیاب ہے۔ فارم ادارہ کو ای میل Email: ichdelhi@gmail.com کے بعد فارم کی اصل کاپی پوسٹ کرنا نہ بھولیں۔

واضح رہے کہ **تفسیر قرآن کریم** کے حوالے سے تفسیر کبیر فخر رازی اور تفسیر المیزان علامہ طباطبائی کو مدنظر رکھتے ہوئے سورہ حجرات کی تفسیر کے مکتوب مسابقہ کا بھی اہتمام کیا گیا ہے جس میں تین امتیازی مقام حاصل کرنے والوں کو جشن میلاد کے موقع پر انعام سے نوازا جائے گا۔ شرکت کے خواہشمند حضرات **۳ جولائی ۲۰۲۳ء** تک مذکورہ بالا ای میل پر اطلاع فرمادیں تاکہ انھیں تفصیلات سے مطلع کیا جاسکے نیز اس موقع پر **محققین قرآنی** کی قدردانی عمل میں آئے گی چنانچہ ان سے بھی درخواست ہے کہ اپنے قرآنی علمی وتحقیق کارنامے کی PDF کاپی مذکورہ ای میل پر ارسال فرمادیں۔

امید ہے آنجناب ہماری اس دعوت کو شرف قبولیت سے نوازیں گے اور خواہشمند طلاب واساتذہ کو مسابقہ میں شرکت کیلئے اطلاع فرمائیں گے۔
خداوند عالم سے دعا ہے کہ ہم سب کو قرآنی تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین

مخلص
**ڈاکٹر فریدالدین فریدعصر**
کلچرل کاؤنسلر اسلامی جمہوریہ ایران نئی دہلی

IRAN CULTURE HOUSE
18, TILAK MARG, NEW DELHI -110001
TEL: 0091-11-23383232 -34 FAX:+ 23387547
ichdelhi@gmail.com https://en.icro.ir

Mosabiqa:28to30,Sep2023

| |
|---|
| ۲ عدد حالیہ فوٹو<br>پاسپورٹ سائز<br>ارسال کریں۔ |

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران کے زیر اہتمام

# ۲۴ واں سہ روزہ کل ہند مسابقۂ حفظ وقرائت قرآن کریم

**مورخہ: ۲۸ تا ۳۰ ستمبر ۲۰۲۳ء**


پتہ: ایران کلچر ہاؤس ۱۸۔ تلک مارگ نئی دہلی۔۱۱۰۰۰۱

فون نمبر: 011-23383232,33,34 فیکس: 011-23387547-

Email: ichdelhi@gmail.com en.icro.ir/new-delhi


فارم نمبر..................

اسم گرامی حافظ رقاری:.............................. ولد:.............................. عمر:..............

شغل:.............................. تعلیمی لیاقت:.............................. علوم عصریہ سے متعلق تفصیلات..............................

خط وکتابت کا موجودہ پتہ اُردو میں:..............................................................

..............................رابطہ نمبر جس پر اطلاع دی جائے..............................

خط وکتابت کا موجودہ پتہ انگریزی میں:..............................................................

..............................................................................................

..............................موبائل:..............................

شرائط: مسابقہ ۱۸ سے ۳۵ سال کی عمر والے افراد شرکت کر سکتے ہیں۔ شرکت کیلئے تعلیمی اسناد (حفظ یا تجوید کی سند) مدرسہ کا آئی کارڈ اور آدھار کارڈ کی فوٹو کاپی منسلک کرنا لازمی ہیں۔ مسابقہ میں دو زمرہ ہوں گے اور ہر زمرہ میں تین انعامات ہوں گے۔ خواہشمند حضرات صرف ایک ہی زمرہ میں شرکت کر سکتے ہیں۔ شرکت کنندگان اپنے مدرسہ کے مہتمم یا صدر انجمن کی رضامندی سے فارم و دیگر اسناد ارسال کریں اور کس زمرہ میں شرکت چاہتے ہیں نشان دہی کریں۔

**مکمل حفظ قرآن کریم حدراً..............................     قرائت قرآن کریم..............................**

شرکت کنندگان کی درخواست مع اسناد فوٹو کاپی ۲۰ راگست ۲۰۲۳ء تک ایران کلچر ہاؤس پہونچنا ضروری ہے۔ متعینہ مدت کے بعد کوئی درخواست قبول نہیں کی جائیگی۔ فارم کا موصول ہونا منظوری کی دلیل نہیں ہے۔ منتخب افراد کو بذریعہ فون اطلاع دی جائے گی۔ شرکت کنندگان کو ادارہ کی جانب سے بس یا ٹرین کا نارمل ٹکٹ (سلیپرس) کرایہ بطور تعاون پیش کیا جائے گا۔ ٹرین کا تتکال یا کسی اور کلاس کا ٹکٹ قبول نہیں کیا جائے گا۔ شرکت کنندگان کے لئے سہ روزہ قیام وطعام کا بندوبست ادارہ کی جانب سے رہے گا۔

نوٹ: قرائت کے زمرہ میں شامل ہونے والے افراد کیلئے ایک دو منٹ کی ویڈیو کلپ ۲۰ اگست سے پہلے پہلے آفس کے ای میل Email:ichdelhi@gmail.com پر بھیجنا ضروری ہے۔ فارم کی اصلی کاپی مع فوٹو ضرور پوسٹ کریں۔

**امیدوار کا نام:..............................     تصدیق کنندہ کا نام:..............................**

**تاریخ:..............................     فون نمبر:..............................**

مندرجہ بالا معلومات میرے علم ویقین کے مطابق درست ہیں۔ میں..............................یقین دلاتا ہوں کہ مسابقہ کے قواعد وضوابط کی پابندی کروں گا اور تمام نشستوں میں حاضر رہوں گا نیز جج صاحبان کے ہر فیصلہ کو قطعی طور پر تسلیم کروں گا۔ نیز دوران مسابقہ کسی طرح کا احتجاج نہیں کروں گا۔

﴿ دفتری اندراجات کے لئے ﴾

امیدوار کا نام: حافظ رقاری:—————— وضاحت اسناد وامتحان:—————— حفظ:—————— قرأت:——————

موصول ہونے کی تاریخ——————

نوعیت امتحان: ا۔ عالی ۲۔ بسیار خوب ۳۔ خوب

شعبہ دار القرآن

خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران، نئی دہلی